Barani

# بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال

## زیتون کی کاشت کا سالانہ کیلنڈر



### جنوری

- زیتون کے درختوں کو دیسی کھاد ڈال کر گوڈی کریں اور ساتھ ہلکی آبپاشی کریں
- جن علاقوں میں دیمک کے حملہ کا خطرہ ہو وہاں پر آبپاشی کرتے ہوئے مناسب زہر کا استعمال کریں
- زیتون کے چھوٹے پودوں کی مناسب آبپاشی جاری رکھیں ان کے قد اور عمر کے حساب سے کھاد فراہم کریں
- چھوٹے پودوں کی شاخ تراشی کا عمل مکمل کرلیں
- نئے باغات لگانے کے لئے داغ بیل اور گڑھے نکالنے کا کام مکمل کرلیں

### فروری

- باغات کو مناسب مقدار میں فاسفورس اور پوٹاش والی کھاد ڈالیں اور آبپاشی کریں
- درختوں پر پھول کھلنے سے پہلے سفید جالا بنانے والے کیڑے مار زہر کا سپرے اچھی



### ستمبر

- تیار پھل کی برداشت، سنبھال، تیل کی کشید اور فروخت کا کام جاری رکھیں
- جتنا پھل آپ سنبھال سکتے ہیں اُتنا ہی توڑیں
- جن پودوں سے پھل برداشت کرلیا گیا ہے ان کو فاسفورس اور پوٹاش کی اضافی خوراک فراہم کریں
- آبپاشی کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں
- تنے کے نچلے حصہ سے نکلنے والی شاخوں (Suckers) کو کاٹ دیں
- کھودے ہوئے گڑھوں کو زرخیز مٹی اور بھل برابر مقدار میں ملا کر بھرنے کے بعد پانی لگا دیں
- وتر آنے پر نئے باغات لگانے کا کام شروع کردیں

### اکتوبر

- تیار پھل کو برداشت کے بعد فروخت یا تیل نکلوانے کا کام جاری رکھیں
- جن پودوں کو اب تک پوٹاش اور فاسفورس کی خوراک نہیں دی گئی ان کو کھاد ڈالنے کا کام مکمل کرلیں
- باغ سے گھاس اور جڑی بوٹیاں ختم کریں
- اگر زیتون کے باغ میں کوئی دوسری فصل مثلاً گندم وغیرہ کاشت کرنے کا پروگرام ہو تو زمین تیار کرکے کاشتکاری کا عمل مکمل کریں
- نئے پودے لگانے کا کام جلد از جلد مکمل کرلیں
- چھوٹے پودوں کی آبپاشی حسبِ ضرورت جاری رکھیں



### نومبر

- پھل کی برداشت اور سنبھال کا کام مکمل کریں
- چھوٹے پودوں کی آبپاشی اور شاخ تراشی کا عمل جاری رکھیں
- بڑے اور پھلدار درختوں کی آبپاشی کا کام بند کردیں تاکہ پودے موسمی دباؤ میں چلے جائیں

### دسمبر

- نئے باغات لگانے کے لئے داغ بیل (Layout) کا کام مکمل کرکے 3x3x3 فٹ کے گڑھے کھودنے کا کام مکمل کریں مزید اس بات کا خیال رکھیں کہ گڑھے کی تہہ میں پتھر یا بہت زیادہ سخت تہہ تو نہیں
- کھودے ہوئے گڑھوں کو مٹی، بھل یا ریت کے آمیزہ (1+1+1) سے بھر کر پانی لگائیں
- بڑے پھلدار درختوں کو موسمیاتی دباؤ میں رکھنے کے لئے آبپاشی کا کام بند کریں
- پودوں کی شاخ تراشی کا کام شروع کردیں
- چھوٹے پودوں میں گوڈی کرکے زمین نرم اور پانی لگائیں
- دیر سے پکنے والی اقسام کا پھل برداشت کے بعد مناسب طریقہ پر سنبھال لیں

تحریر: ڈاکٹر محمد طارق، محمد عظیم طارق، انعام الحق
محمد اشرف سمرا، ڈاکٹر اظہر حسین، عتیق الرحمٰن

**بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال**
مزید معلومات کے لیے
فون: 0543-662001, 0543-662004
ویب سائیٹ: www.barichakwal.agripunjab.gov.pk



طرح کریں تاکہ زہر والے محلول سے پودے کے تمام حصے اچھی طرح دھل جائیں۔ اگر ممکن ہو تو درختوں کے نیچے زمین پر بھی سپرے کر دیں

- چھوٹے پودوں کی شاخ تراشی کا کام جاری رکھیں تاکہ ان کا مناسب ڈھانچہ بن سکے
- چھوٹے پودوں کی مناسب آبپاشی جاری رکھیں
- کھودے ہوئے گڑھوں کو زرخیز مٹی اور بھل برابر مقدار میں ملا کر بھرنے کے بعد پانی لگا دیں
- وتر آنے پر نئے باغات لگانے کا کام شروع کر دیں

## مارچ

- جن درختوں اور باغات کے پھول کھلنے لگیں ان کی آبپاشی اور سپرے کا عمل روک دیں
- درختوں پر پھل لگنے کے بعد آبپاشی سپرے اور کھاد دینے کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں
- چھوٹے پودوں کی شاخ تراشی اور آبپاشی کا کام جاری رکھیں
- نئے باغات لگانے کا کام مکمل کر لیں
- نئے باغات میں دیمک کے تدارک پر خصوصی توجہ دیں

## اپریل

- آبپاشی کا کام حسبِ ضرورت جاری رکھیں
- پودوں کے نیچے جڑی بوٹی پر گھاس کو ختم کرنے والے زہر (Weedicide) کا سپرے پودے کے تنے کو بچا کر کریں
- نئے باغات میں دیمک کے خلاف زہر پاشی کا عمل جاری رکھیں
- چھوٹے پودوں کے ساتھ چھڑی یا پلاسٹک کا پائپ لگا کر پودوں کو سیدھا کھڑا ہونے



کے لئے مدد فراہم کریں

- چھوٹے پودوں کی تربیت اور آبپاشی کا عمل جاری رکھیں
- پودوں کے تنوں پر چونا، نیلا تھوتھا کا پیسٹ لگا دیں۔
- پھل جب چھوٹے مٹر کے دانہ کے قریب ہو جائے تو نائٹروجن کی خوراک دے کر آبپاشی کر دیں

## مئی

- آبپاشی کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں
- چھوٹے پودوں کو گرمی اور پانی کی کمی سے بچانے کی طرف خاص توجہ دیں
- ماہ اپریل کے دوران ہونے والے کاموں کو حسب ضرورت جاری رکھیں
- پودوں کے نیچے سے گھاس اور جڑی بوٹیوں کا تدارک کریں
- نئے باغات میں دیمک کے خلاف زہر پاشی کا عمل جاری رکھیں

## جون

- آبپاشی کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں
- پودوں کے گرد پانی کے دور درست کر دیں اور مائکرو کیچمنٹ بنا دیں تاکہ بارش کا پانی ضائع نہ ہونے پائے اور پودے کے نزدیک ہی جذب ہو جائے اور اس بات کا خیال رکھیں کہ بارش کا پانی تنے کے ساتھ ہرگز جمع نہ ہو۔
- پودوں کے نیچے سے گھاس اور جڑی بوٹیوں کے تدارک کا عمل جاری رکھیں
- نئے باغات میں دیمک کے حملہ کی صورت میں زہر پاشی کر دیں

## جولائی

- آبپاشی کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں



- نئے باغات لگانے کے لئے داغ بیل اور گڑھے کھودنے کا کام مکمل کر لیں
- کھودے ہوئے گڑھوں کو زرخیز مٹی اور بھل برابر مقدار میں ملا کر بھرنے کے بعد پانی لگا دیں
- بارشوں کی وجہ سے ہونے والے زمینی کٹاؤ کو درست کرتے رہیں
- پھلدار درختوں کا جائزہ لیں اگر پھل یا پتوں پر کسی بیماری کا حملہ نظر آئے تو محکمہ کے ماہرین سے مشورہ کر کے مناسب تدارک کریں
- زیتون کے پھل کی منڈی اور کاروباری مراکز سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ متعلقہ محکمہ اور دوسرے کاشتکار حضرات سے صلاح مشورہ کا عمل جاری رکھیں
- پھل کی برداشت کے لئے ضروری سامان اور مزدوروں کی فراہمی کیلئے تیاری کریں

## اگست

- درختوں سے پھل توڑنے کے لئے تمام امور ضروری لوازمات مثلاً مزدور، سیڑھی، ترپال، پلاسٹک کی ٹوکریوں وغیرہ کا انتظام کریں۔
- پھل کی فروخت اور مصنوعات سازی سے متعلق معلومات حاصل کریں
- زیتون کی اگیتی اور اچار والی (موٹے پھل والی) اقسام کی برداشت کرتے وقت پھل کا سائز اور پختگی (Matunity Stage) کا لحاظ رکھیں۔
- اچار بنانے کے لئے موٹے پھل والی اقسام کا انتخاب کریں۔ جب پھل کا سائز مکمل ہو جائے تو سبز حالت میں برداشت کریں
- پھل سے مربہ اور شربت وغیرہ بنانے کے پھل کے پکنے کا انتظار کریں۔ آدھا پکا ہوا پھل توڑ کر اس سے مصنوعات سازی کریں
- نئے باغات لگانے کے لئے داغ بیل اور گڑھے نکالنے کا کام مکمل کر لیں
- نئے باغات لگانے کے لئے پودے حاصل کرنے کے لئے متعلقہ اداروں سے مشورہ کریں۔ اور پودے مختص کروائیں